| دوسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: سیرتِ طیبہ ﷺ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت و امانت اور حسنِ معاملات |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- صداقت، امانت اور حسنِ معاملات کے معنی و مفہوم جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت، امانت اور حسنِ معاملات کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے حُسنِ اخلاق کو جان کر اس پر عمل پیرا ہو سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت و امانت کے اثرات جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت پر عمل کر کے خود بھی سچے اور سچ کا ساتھ دینے والے بن سکیں۔
- آپ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت و کردار کی پیروی روزمرہ زندگی میں کر سکیں اور دُنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ آپ خاتم النبیین ﷺ دنیا کے تمام لوگوں سے بڑھ کر رحم دل تھے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ کے اخلاق سب سے اچھے تھے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۶ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں حسنِ معاملات کا مفہوم سمجھائیں۔ زندگی کے تمام معاملات کو سچائی اور دیانت داری سے سرانجام دینا حسنِ معاملات کہلاتا ہے۔

- طلبہ کو بتائیں روزمرہ معاملات میں حضورِ اکرم خاتم النبیین ﷺ کا کردار نہایت پاکیزہ اور اعلیٰ تھا۔ زندگی کے ہر معاملے میں آپ خاتم النبیین ﷺ لوگوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتے تھے۔
- ایک مرتبہ آپ خاتم النبیین ﷺ بازار گئے اور غلے کے ایک ڈھیر سے گزرے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے غلے کے ڈھیر میں اپنا ہاتھ ڈالا تو کچھ گیلا پن محسوس کیا۔ غلے کے مالک سے پوچھا تو اس نے کہا رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اس پر کچھ بارش ہو گئی تھی۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا اس بھیگے ہوئے غلے کو اُوپر کیوں نہیں رکھا کہ لوگ اسے دیکھ لیتے پھر فرمایا جو دھوکہ دے وہ میرے طریقے پر نہیں۔
- غرض یہ کہ آپ خاتم النبیین ﷺ نے زندگی کے ہر معاملے میں دیانت داری کی تاکید فرمائی ہے۔ طلبہ کو تاکید کریں کہ ہمیں چاہیے کہ آپ خاتم النبیین ﷺ کے اسوہ حسنہ پر عمل کریں تاکہ ہم معاشرے میں امن و سکون کی زندگی گزار سکیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| عمدہ | عُم۔دَہ | اچھا |
| تاکید کرنا | تا۔کید۔کرنا | بار بار کہنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۲) کے سوالات طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

مشق جزو (۳) اور (۴) کتاب پر حل کر کے لائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں ”حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے حسنِ معاملات“ کے موضوع پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ منعقد کروایا جائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات | سبق کا نام: قبلہ و مسجد (دہرائی) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قبلہ کا تعارف (مع قبلہ اوّل) اور اِس کی اہمیت جان سکیں۔
- قبلہ کے اَدب واِحترام کو اپنی زندگیوں میں شامل کر سکیں۔
- مسجد کا تعارف اور اہمیت جان سکیں۔
- مسجد کے آداب واِحترام کو اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**طریقہ تدریس:** 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق "قبلہ و مسجد" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

**اعادہ:** 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

| ورک شیٹ | 20منٹ |
| --- | --- |

**سوال 1: دُرست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

۱ خانہ کعبہ سعودی عرب کے شہر میں واقع ہے:

الف جدّہ ب ریاض ج مدینہ مُنوّرہ د مکّہ مُکرّمہ

۲ خانہ کعبہ اور مسجدِ نبوی کے بعد تیسرا مُقدّس ترین مقام ہے:

الف بیتُ المقدس ب مسجدِ قبلتَین ج مسجدِ قُبا د مسجدِ نمرہ

۳ اللہ تعالیٰ نے اپنا گھر کہا ہے:

الف مسجد کو ب مدرسے کو ج باغ کو د سکول کو

۴ حضرت محمد رسُول اللہ خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ جنگوں سے مُتعلّق حکمتِ عملی تیّار کرتے تھے:

الف مسجد میں ب میدان میں ج گھر میں د غار میں

۵ مسلمانوں کا پہلا قبلہ تھا:

الف بیتُ اللہ ب مسجدِ نبوی ج مسجدِ قُبا د بیتُ المقدس

**سوال 2: قبلہ کی اہمیت بیان کریں۔**

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

**سوال 3: مسجد کے آداب لکھیں۔**

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون:اسلامیات | جماعت:سوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:5 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی حیاتِ طیّبہ (قبل اَز بعثت) حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت و امانت اور حسنِ معاملات (دہرائی) | باب سوم: سیرتِ طیّبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے خاندان اور آپ خاتم النبیین ﷺ کی وِلادت باسعادت، بوقتِ وِلادت معجزات اور پرورش کے بارے میں جان سکیں۔
- آپ خاتم النبیین ﷺ کے بچپن کے چیدہ چیدہ واقعات کے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔
- حضرت ابو طالب کی آپ خاتم النبیین ﷺ سے محبت اور کفالت کے بارے میں جان سکیں۔
- آپ خاتم النبیین ﷺ کے سفر شام کے دوران پیش آنے والے واقعات کو جان سکیں۔
- حلف الفضول جیسے اہم تاریخی واقعہ اور اس کی اہم شقوں سے واقف ہو سکیں۔
- پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی مکہ مکرمہ میں ابتدائی زندگی کے واقعات، حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح، حجرِ اسود کی تنصیب وغیرہ سے آگاہ ہو سکیں۔
- صداقت، امانت اور حسنِ معاملات کے معنی و مفہوم جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت، امانت اور حسنِ معاملات کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے حسنِ اخلاق کو جان کر اس پر عمل پیرا ہو سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت و امانت کے اثرات جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت پر عمل کر کے خود بھی سچے اور سچ کا ساتھ دینے والے بن سکیں۔
- آپ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت و کردار کی پیروی روزمرہ زندگی میں کر سکیں اور دُنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**طریقہ تدریس:** **5منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق ''حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی حیاتِ طیبہ (قبل از بعثت) حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت و امانت اور حسنِ معاملات'' کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو بآوازِ بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

**اعادہ:** **15منٹ**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

**ورک شیٹ** **20منٹ**

**سوال 1: خالی جگہ پُر کریں۔**

۱. حضرت ابو طالب نے تجارت کی غرض سے مُلک ____________ جانے کا اِرادہ کِیا۔
۲. عربی زبان میں ''حرب'' کے معنیٰ ____________ کے ہیں۔
۳. حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے غلام کا نام ____________ تھا۔
۴. اَمانَت کی حفاظت کرنا اور مالِک کو اُسی طرح واپس کرنا ____________ کی نِشانی ہے۔
۵. ہمیں چاہیے کہ دُوسروں کے ساتھ ____________ سلُوک کریں۔

سوال 2: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ حربِ فجار کن دو قبیلوں میں ہوئی تھی؟

۲۔ صداقت کا مفہوم کیا ہے؟

سوال 3: حلف الفضول کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟